# NYC پیدائش کے سرٹیفکیٹ
# کے لیے درخواست

یہ فارم صرف NYC پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کرنے کے لیے استعمال کریں۔ پراسیسنگ کے موجودہ اوقات، آرڈر اسٹیٹس، اور اضافی معلومات کے لیے، nyc.gov/vitalrecords ملاحظہ کریں۔

(براہ کرم واضح پرنٹ کریں اور صرف انگریزی میں پُر کریں۔ اس فارم کے ترجمے صرف حوالہ کے لیے آن لائن دستیاب ہیں۔)

## NYC پیدائش کے سرٹیفکیٹ کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے؟

- پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست دینے کے لیے، آپ کا وہ شخص ہونا ضروری ہے جس کا نام سرٹیفکیٹ پر موجود ہے نیز آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے یا پھر آپ کو اس شخص کا والد/والدہ یا قانونی سرپرست ہونا چاہیے جس کا نام سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔
- سرٹیفکیٹ پر جس شخص کا نام موجود ہے اس کی پیدائش NYC کے پانچ بوروز میں سے کسی ایک میں ہونی چاہیے (Bronx, Brooklyn, Manhattan, Queens, اور Staten Island)۔
- اگر آپ ایک اٹارنی ہیں اور کسی کلائنٹ کی جانب سے درخواست جمع کروا رہے ہیں تو اس فارم کا استعمال نہ کریں۔ اس کے بجائے، "Attorney Protocol for NYC Birth Certificates" (NYC پیدائش کے سرٹیفکیٹس کے لیے اٹارنی پروٹوکول) فارم استعمال کریں جو on.nyc.gov/birth-certificate-attorney پر دستیاب ہے۔
- اگر آپ کسی ایسے شخص کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست جمع کروا رہے ہیں جو انتقال کر چکا ہے تو آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ "Family Tree/Link to Decedent" (فیملی ٹری/متوفی سے تعلق) دستاویز، جو on.nyc.gov/family-tree پر دستیاب ہے، اور ان کا انتقال کا سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگا۔ اگر اس شخص کا انتقال NYC میں ہوا تھا تو آپ یا تو ان کے انتقال کے سرٹیفیکیٹ کی ایک کاپی جمع کروا سکتے ہیں یا حصہ ایک میں انتقال کے سرٹیفیکیٹ کا نمبر لکھ سکتے ہیں۔ اگر اس شخص کا انتقال NYC سے باہر ہوا تھا تو ایک تصدیق شدہ انتقال کا سرٹیفکیٹ جمع کروانا ضروری ہے۔

## میں NYC پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کیسے کروں؟

- **مرحلہ 1:** صفحہ 3 پر جائیں اور حصہ ایک اور دو میں درکار کی گئی تمام معلومات کو مکمل کریں۔ معلومات کو خالی چھوڑنے سے آپ کی درخواست کو مکمل کرنے میں تاخیر ہوگی۔ اگر آپ سابق امریکی فوجی ہیں تو حصہ چار کو بھی مکمل کریں۔
- **مرحلہ 2:** حصہ تین میں آپ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کرنے کی اپنی وجہ منتخب کریں۔ آپ کی منتخب کردہ وجہ اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کو شارٹ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ ملے گا یا پھر لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ زیادہ تر لوگوں کو شارٹ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہوتی ہے، جسے امریکہ میں گھریلو مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ ڈرائیونگ لائسنس یا امریکی پاسپورٹ کا حصول۔
  - اگر آپ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کر رہے ہیں اور آپ کو اپوسٹیل (تصدیق کا سرٹیفکیٹ) کی ضرورت ہے تو منتخب کریں کہ آپ کو ایک لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ چاہیے۔ آپ کو ایک لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا اور اس کے ساتھ ایک لیٹر آف ایگزمپلیفیکیشن بھی جاری کیا جائے گا، جسے آپ کو آفس آف دی کاؤنٹی کلرک (Office of the County Clerk) سے نوٹرائز کروانا ہوگا۔ اس کے بعد آپ اپوسٹیل حاصل کرنے کے لیے لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ اور لیٹر آف ایگزمپلیفیکیشن استعمال کر سکتے ہیں۔ اپوسٹیل نیویارک اسٹیٹ (NYS) ڈیپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کی طرف سے جاری کیا جاتا ہے۔
- **مرحلہ 3:** صفحہ 5 کو نوٹرائز کروائیں۔ فارم پر دستخط کرنا اور تاریخ درج کرنا یقینی بنائیں۔
- **مرحلہ 4:** آپ کو اپنی موجودہ (میعاد ختم نہ ہوئی ہو) اور دستخط شدہ تصویری شناخت (ID) کی ایک کاپی جمع کروانی ہوگی جو پڑھی جا سکے۔ آپ کی شناخت کی فوٹو کاپی واضح ہونی چاہیے۔ قابل قبول ID کی اقسام کے لیے صفحہ 2 دیکھیں اور اگر آپ کے پاس موجودہ تصویری ID نہیں ہے تو آپ کیا جمع کروا سکتے ہیں۔

## فیس اور ڈاک کے ذریعے بھیجنے کی ہدایات

- NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت درخواست کردہ ہر پیدائش کے سرٹیفکیٹ کے لیے $15 چارج کرتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ تین کاپیاں منگوائی جا سکتی ہیں۔
- اپنا چیک یا منی آرڈر ذیل کے نام قابل ادائیگی بنائیں: **NYC Department of Health and Mental Hygiene**۔ کیش یا اسٹارٹر چیک قبول نہیں کیے جاتے ہیں۔ اگر آپ امریکہ کے باہر سے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو امریکی بینک کی طرف سے امریکی ڈالرز میں جاری کردہ بین الاقوامی منی آرڈر درکار ہوگا۔
- اپنی مکمل اور نوٹرائزڈ درخواست، اپنی موجودہ تصویری شناخت کی کاپی، اور ادائیگی (چیک یا منی آرڈر) صفحہ 5 پر موجود پتے پر ارسال کریں۔
- پیدائش کے سرٹیفکیٹ ان پتوں پر نہیں بھیجے جا سکتے جن پر "in care of" (معرفت) کا لیبل لگایا گیا ہو۔
- اگر آپ سابق امریکی فوجی ہیں اور NYC میں پیدا ہوئے تھے تو آپ مفت میں پیدائش کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ سابق فوجی کی حیثیت کی اہلیت اور قابل قبول ثبوت کے لیے صفحہ 2 پر ٹیبل 3 دیکھیں، اور صفحہ 4 پر حصہ 4 کو پُر کریں۔
- **آن لائن آرڈر کریں:** درخواست کی تیز رفتار کارروائی کے لیے vitalchek.com پر جائیں۔ کاروباری دنوں میں آن لائن آرڈرز پر 72 گھنٹے میں کارروائی ہو جاتی ہے اور UPS express میل ڈیلیوری دستیاب ہے۔ صرف وہ فرد یا والد/والدہ آن لائن آرڈر کر سکتے ہیں جن کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔

| ٹیبل 1. ID کے تقاضے | |
|---|---|
| **زمرہ 1: شناختی دستاویزات**<br>درج ذیل شناختی دستاویزات میں سے **ایک** فراہم کریں۔ دستاویز میں آپ کی تصویر اور دستخط شامل ہونے چاہئیں اور اس کی میعاد ختم نہ ہوئی ہو۔ | |
| ڈرائیور کا لائسنس یا نان ڈرائیور ID کارڈ | موجودہ ٹرانسکرپٹ کے ساتھ یونیورسٹی یا کالج ID |
| نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ (NYS) بینیفٹ کارڈ | موجودہ رہائی کے کاغذات کے ساتھ قیدی کی ID |
| دستخط کے ساتھ امریکی یا غیر ملکی پاسپورٹ | موجودہ پے اسٹب کے ساتھ ملازمت کی ID |
| IDNYC میونسپل ID | NYC Access-A-Ride کارڈ |
| نیچرلائزیشن کا امریکی سرٹیفکیٹ (اصل ہونا چاہیے) | NYC MTA کرائے میں کمی کا MetroCard |
| فوجی شناختی کارڈ (اس شخص کے لیے ہونا چاہیے جس کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کی جا رہی ہے) | |

| ٹیبل 2. پتے کے ثبوت کے تقاضے | |
|---|---|
| **زمرہ 2: پتے کے ثبوت کی دستاویزات**<br>اگر آپ کے پاس زمرہ 1 کی کوئی بھی دستاویز نہیں ہے تو درج ذیل میں سے پتے کے ثبوت کی کوئی **دو** دستاویزات فراہم کریں۔ دستاویزات پر گزشتہ 60 دنوں کے اندر کی تاریخ ہونی چاہیے اور آپ کا نام اور پتہ ظاہر ہونا چاہیے۔<br>مثال کے طور پر، آپ گزشتہ 60 دنوں میں سے ایک فون بل اور گزشتہ 60 دنوں سے کسی سرکاری ایجنسی کا ایک خط جمع کروا سکتے ہیں۔ متبادل طور پر، آپ فون کے دو بل جمع کروا سکتے ہیں جب تک کہ وہ دونوں پچھلے 60 دنوں کے اندر کے ہوں۔ آپ کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ فراہم کردہ دستاویزات پر موجود پتہ پر میل کیا جائے گا۔ | |
| یوٹیلٹی بل | آپ کو مخاطب کی گئی حکومت کی سرکاری میل |
| ٹیلی فون کا بل | کرایہ کی رسید (رہن یا لیز لیٹر) |
| میڈیکل بل | |

| ٹیبل 3. سابق فوجی کی حیثیت کا ثبوت | |
|---|---|
| اگر آپ سابق امریکی فوجی ہیں اور NYC میں پیدا ہوئے تھے تو آپ مفت میں پیدائش کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے حقدار ہو سکتے ہیں اگر آپ کی درخواست درج ذیل وجوہات میں سے کسی سے متعلق ہے۔ | |
| ویٹرنز ایڈمنسٹریشن سے بینیفٹس | نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ (NYS) کے کسی بھی قانون کے مطابق سابق فوجی کے بونس کے لیے درخواست |
| امریکی مسلح افواج میں بھرتی یا شمولیت | امریکی مسلح افواج کے اہلکاروں کے زیر کفالت افراد کے لیے الاؤنسز کے لیے درخواستیں |
| سابق فوجی کی حیثیت کے درج ذیل قابل قبول ثبوتوں میں سے کوئی ایک فراہم کریں۔ | |
| DD فارم 214، ایکٹو ڈیوٹی سے ریلیز یا ڈسچارج کا سرٹیفکیٹ | نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ (NYS) ڈرائیور کا لائسنس یا سابق فوجی کے عہدہ کے ساتھ نان ڈرائیور شناخت |
| DD فارم 2 (ریٹائرڈ) امریکی یونیفارمڈ سروسز کا شناختی کارڈ | سابق فوجی کے عہدے کے ساتھ IDNYC کارڈ |
| سابق فوجی کا شناختی کارڈ **یا** سابق فوجی کا صحت کارڈ | میئر کا دفتر برائے سابق فوجی امور (NYC ڈیپارٹمنٹ آف ویٹرنز سروسز) سے فوجی سروس کی تصدیق |

اگر آپ ٹیبل 1 یا 2 میں دی گئی کوئی بھی دستاویزات فراہم نہیں کر سکتے ہیں تو **311** پر کال کریں یا nycdohvr@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔ اگر NYC کے باہر سے کال کر رہے ہیں تو 212-639-9675 پر کال کریں۔

## حصہ ایک: آپ کا نام کیا ہے؟

**آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے۔ براہ کرم واضح پرنٹ کریں اور صرف سیاہ روشنائی استعمال کریں۔ وہ نام استعمال کریں جو اس وقت آپ کی ID پر موجود ہے۔ نیچے دیے گئے تمام فیلڈز درکار ہیں۔ پیدائش کے سرٹیفکیٹ ان پتوں پر نہیں بھیجے جا سکتے جن پر "in care of" (معرفت) کا لیبل لگایا گیا ہو۔**

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

| میلنگ کا پتہ | اپارٹمنٹ نمبر |
|---|---|
| | |

| شہر | اسٹیٹ | زپ کوڈ |
|---|---|---|
| | | |

| بنیادی فون نمبر | متبادل فون نمبر (اگر قابل اطلاق ہو) |
|---|---|
| | |

| ای میل پتہ |
|---|
| |

اس شخص سے رشتہ جس کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے:

☐ میں اپنے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کر رہا/رہی ہوں۔

☐ میں اس شخص کی ماں/پیرنٹ ہوں جس کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔

☐ میں اس شخص کا باپ/پیرنٹ ہوں جس کا نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔

☐ میرے پاس پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج شخص کی قانونی سرپرستی/کسٹڈی ہے۔ (آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ اصل قانونی سرپرستی یا کسٹڈی کاعدالت کا حکم فراہم کرنا ہوگا۔)

☐ میں ایک انسانی خدمات کی تنظیم کا حصہ ہوں جو ایک نابالغ بچے یا نشونما کے لحاظ سے معذور بالغ سے وابستہ ہے۔

اگر اس شخص کا انتقال NYC میں ہوا تھا تو اس کے انتقال کے سرٹیفیکیٹ کا نمبر لکھیں: 156 - ☐☐☐☐☐☐☐☐

## حصہ دو: پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی معلومات

**اس حصہ میں، بالکل اسی طرح سے نام لکھیں جیسے اس وقت وہ اس پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہیں جس کی آپ درخواست کر رہے ہیں۔**

تاریخ پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر موجود نام جیسا **فی الحال** موجود ہے:

| پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام |
|---|---|---|
| | | |

پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج تاریخ پیدائش (سال/دن/مہینہ): ☐☐ | ☐☐ | ☐☐☐☐

اگر آپ کو صحیح تاریخ پیدائش معلوم نہیں ہے تو تلاش کرنے کی رینج (سال/دن/مہینہ) کو پُر کریں (تلاش کی فیس کے بارے میں معلومات کے لیے صفحہ 5 دیکھیں):

تاریخ آغاز: ☐☐ | ☐☐ | ☐☐☐☐　　　تاریخ اختتام: ☐☐ | ☐☐ | ☐☐☐☐

پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر بیان جنس: ☐ مرد ☐ عورت ☐ X*

*X وہ جنس ہے جو بالخصوص نہ مرد ہے نہ عورت (نان بائنری صنفی شناخت)۔

بورو جہاں پیدائش ہوئی (اگر معلوم نہ ہو تو خالی چھوڑ دیں):

☐ Bronx ☐ Brooklyn ☐ Manhattan ☐ Queens ☐ Staten Island

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر ماں/پیرنٹ کا شادی سے پہلے والا نام:**

| پہلا نام | شادی سے پہلے والا آخری نام |
|---|---|
| | |

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر والد/پیرنٹ کا نام:**

| پہلا نام | آخری نام |
|---|---|
| | |

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر جائے پیدائش (اگر معلوم نہ ہو تو خالی چھوڑ دیں):**

| ہسپتال کا نام، پیدائش کا مرکز، یا اگر ولادت گھر پر ہوئی ہو تو اسٹریٹ کا پتہ، شہر، ریاست، زپ کوڈ |
|---|
| |

## حصہ تین: درخواست دینے کی وجہ

**چیک مارک کریں کہ آپ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کیوں کر رہے ہیں اور آپ کتنی تعداد کی درخواست کر رہے ہیں۔**

دو طرح کے سرٹیفکیٹس موجود ہیں: آپ ان میں سے کسی کی بھی درخواست کر سکتے ہیں۔ لاگت ایک ہی ہے۔

- **شارٹ فارم:** زیادہ تر لوگ شارٹ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کرتے ہیں۔ اسے امریکہ میں زیادہ تر گھریلو مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ ڈرائیونگ لائسنس یا امریکی پاسپورٹ حاصل کرنا۔ اس سرٹیفکیٹ میں سرٹیفکیٹ پر درج شخص کا پہلا اور آخری نام اور ان کی جائے پیدائش، تاریخ پیدائش، پیدائش کے وقت جنس، فائل کی تاریخ، اور ماں/پیرنٹ اور والد/پیرنٹ کے پہلے اور آخری نام شامل ہوتے ہیں۔
- **لانگ فارم:** لانگ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں وہی معلومات شامل ہوتی ہیں جو شارٹ فارم پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں ہوتی ہیں، ساتھ ہی اضافی معلومات جیسے پیدائش کا وقت، ہسپتال کا نام اور والد/والدہ (والدین) کی جائے پیدائش ہوتی ہیں۔ یہ سرٹیفکیٹ عام طور پر بین الاقوامی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، جیسے کہ دوہری شہریت، بین الاقوامی طور پر گود لینا، بین الاقوامی شادی، اور اپوسٹیل کا حصول۔

**مندرجہ ذیل ٹیبل میں، پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست دینے کی اپنی وجہ چیک مارک کریں۔ <u>آپ کی منتخب کردہ وجہ اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کو شارٹ فارم سرٹیفکیٹ ملے گا یا پھر لانگ فارم سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔</u>**

| آپ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کیوں دے رہے ہیں: | آپ کو یہ موصول ہوگا: |
|---|---|
| ☐ امریکی پاسپورٹ یا سفر<br>☐ وراثت یا اسٹیٹ سیٹلمنٹ (صرف امریکہ)<br>☐ شادی (صرف امریکہ)<br>☐ قانونی مقاصد<br>☐ ڈرائیورز لائسنس<br>☐ حکومتی امداد یا مراعات<br>☐ ملازمت<br>☐ اسکول یا کھیل<br>☐ بیمہ، پنشن، یا ریٹائرمنٹ<br>☐ سوشل سیکیورٹی یا بینیفٹس<br>☐ انکم ٹیکس<br>☐ گود لینا (صرف امریکہ)<br>☐ ذاتی ریکارڈز یا استعمال<br>☐ دیگر | شارٹ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ |
| ☐ اپوسٹیل<br>☐ دوہری شہریت یا امیگریشن<br>☐ گود لینا (صرف بین الاقوامی)<br>☐ شادی (صرف بین الاقوامی)<br>☐ پیدائش کا وقت<br>☐ بین الاقوامی استعمال، یا بیرون ملک استعمال<br>☐ بین الاقوامی وراثت یا اسٹیٹ سیٹلمنٹ<br>☐ دیگر | لانگ فارم پیدائش کا سرٹیفکیٹ |

آپ کو کتنے پیدائش کے سرٹیفکیٹس کی ضرورت ہوگی (زیادہ سے زیادہ تین)؟ ☐ ایک ☐ دو ☐ تین

## حصہ چار: سابق فوجی کے لیے فیس کی چھوٹ

**اگر آپ سابق امریکی فوجی نہیں ہیں تو اس حصہ کو چھوڑ دیں۔ اگر آپ امریکی سابق فوجی ہیں اور آپ کی درخواست درج ذیل وجوہات میں سے کسی سے متعلق ہے تو براہ کرم ذیل میں دستخط کریں:**

- ویٹرنز ایڈمنسٹریشن سے بینیفٹس
- امریکی مسلح افواج میں بھرتی یا شمولیت
- نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ (NYS) کے کسی بھی قانون کے مطابق سابق فوجی کے بونس کے لیے درخواست
- امریکی مسلح افواج کے اہلکاروں کے زیر کفالت افراد کے لیے الاؤنسز کے لیے درخواستیں

**میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میری درخواست مندرجہ بالا وجوہات میں سے ایک سے متعلق ہے۔**

دستخط: ____________________________________________

سابق فوجی کے لیے فیس کی چُھوٹ حاصل کرنے کے لیے، آپ کو سابق فوجی ہونے کی حیثیت کا ثبوت پیش کرنا ہوگا۔ قبول کی جانے والی دستاویزات کی فہرست کے لیے صفحہ 2 پر ٹیبل 3 دیکھیں۔

## حصہ پانچ: اپنی درخواست کو نوٹرائز کریں

**اس درخواست کو نوٹرائز کرنا ضروری ہے۔ آپ کو صرف اس صفحہ کو نوٹرائز کروانا ہوگا۔ آپ کو اس درخواست کے ساتھ اپنی موجودہ ID کی ایک کاپی جمع کروانی ہوگی۔ ID کی قبول کی جانے والی اقسام کے لیے صفحہ 2 پر ٹیبل 1 دیکھیں۔**

| درخواست دہندہ کے دستخط (SIGNATURE OF APPLICANT) | تاریخ پیدائش (سال/دن/مہینہ) DATE (MONTH/DAY/YEAR) |
| --- | --- |
| | __ __ / __ __ / __ __ __ __ |

| .To be completed by notary<br>(نوٹری کی جانب سے مکمل کیا جائے۔) | Notary Public Seal |
| --- | --- |
| State of ______________________<br>County of ______________________<br>Subscribed and sworn before me:<br>this ________ day of ________, 20________<br>______________________<br>Notary Public Signature | |

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی نقل صرف اس شخص کو جاری کی جا سکتی ہے جس کا یہ پیدائش کا ریکارڈ ہو، بشرطیکہ وہ عمر کے تقاضے پر پورا اترتا ہو، بصورت دیگر اس کا اجراء کسی پیرنٹ یا پھر یا کسی نابالغ بچے یا نشونما کے لحاظ سے معذور بالغ سے وابستہ انسانی خدمات کی تنظیم کو کیا جا سکتا ہے۔ اس درخواست میں کوئی غلط، جھوٹا، یا گمراہ کُن بیان دینا یا کسی اور شخص کے دستخط کرنا قانون کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے۔ خلاف ورزیاں جرم کے زمرے میں آتی ہیں اور ان کی سزا $2,000 تک کا جرمانہ ہو سکتی ہے۔**

---

### فیس اور اپنی درخواست جمع کروانے کا طریقہ

ہر پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی لاگت $15 ہے۔* آپ زیادہ سے زیادہ تین پیدائش کے سرٹیفکیٹس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر پیدائش کی صحیح تاریخ معلوم نہیں ہے اور اس کے بجائے ایک رینج استعمال کی جاتی ہے تو دو کے بعد تلاش کیے جانے والے ہر مسلسل سال کے لیے اضافی تلاش کی $3 کی فیس ہے۔

*سابق فوجی پیدائش کا ایک سرٹیفکیٹ مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

**ہم صرف چیک یا منی آرڈر قبول کرتے ہیں۔ کیش یا اسٹارٹر چیک قبول نہیں کیے جاتے ہیں۔**

**یہ مکمل کرنا یقینی بنائیں:**

- درخواست کا حصہ ایک، دو، تین، اور پانچ مکمل کریں۔
- حصہ پانچ کو نوٹرائز کروائیں۔
- اپنے موجودہ دستخط شدہ فوٹو ID کی فوٹو کاپی، یا پتے کا ثبوت جمع کروائیں (ٹیبلز 1 اور 2 دیکھیں)۔
- حصہ چار پر دستخط کریں اور سابق فوجی کی حیثیت کا ثبوت شامل کریں (ٹیبل 3 دیکھیں)، صرف اس صورت میں جب آپ امریکی سابق فوجی ہوں۔
- چیک یا منی آرڈر کے ذریعے ادائیگی جمع کروائیں۔

| اپنی درخواست کی لاگت جانیں | |
| --- | --- |
| درخواست کردہ پیدائش کے سرٹیفکیٹس کی تعداد (زیادہ سے زیادہ 3) | ________________ |
| ہر پیدائش کے سرٹیفکیٹ کے لیے $15 سے ضرب ذیل کے مساوی ہے | $________________ |
| جمع، دو x ____ سال کے بعد تلاش کیے گئے ہر اضافی سال کے لیے $3 تلاش کی فیس | $________________ |
| **کُل ملفوف رقم (مذکورہ بالا ڈالر کی دو رقوم کا میزان):** | **$**________________ |

اس پتے پر میل کریں: **Attention: BC Request** • NYC Department of Health and Mental Hygiene
125 Worth St. • Room 119, CN-4 • New York, NY 10013

اس درخواست کے حوالے سے مدد کے لیے، **311** پر کال کریں یا nycdohvr@health.nyc.gov پر ای میل کریں۔ اگر NYC کے باہر سے کال کر رہے ہیں تو 212-639-9675 پر کال کریں۔